
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : شمیم اختر

پانچویں جماعت کے لئے



## تعارفی نوٹ برائے ٹیچر

اس گائیڈ میں دیئے جانے والے سیشن تجاویز کا درجہ رکھتے ہیں اور مختلف اسکولوں کے طلباء و طالبات کے ماحول‘ معیار اور ذہنی سطح کے لحاظ سے ان میں کمی بیشی اور تبدیلی کی جا سکتی ہے۔ ٹیچروں سے درخواست ہے کہ کوئی نیا سبق پڑھانے سے پہلے اسے گھر سے پڑھ کر آئیں۔ ہمیشہ سبق شروع کرنے سے پہلے سبق کے حوالے سے گفتگو ضرور کریں۔ اس سے ایک تو بچوں کے ذہن موضوع کے لئے تیار ہوتے ہیں۔ دوسرے بعض اوقات وہ خود کوئی ایسا لفظ یا جملہ کہہ بیٹھتے ہیں جس سے سبق شروع کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔

## پہلا سیشن

ٹیچر کلاس میں آ کر بچوں سے کتابیں نکلوانے سے پہلے گفتگو کریں مثلاً ہم کہاں رہتے ہیں؟ ہمارے شہر کا نام کیا ہے؟ اس کی ہمارے ملک میں کیا اہمیت ہے؟ یہ کس صوبے میں واقع ہے؟

صوبہ سرحد کا مشہور شہر یا صوبائی دارالحکومت (provincial capital) کون سا ہے؟

بلوچستان کے صوبائی صدر مقام کا نام پوچھیں؟

بچے بتائیں کہ

پنجاب کا سب سے مشہور شہر کون سا ہے؟

پنجاب کے گورنر اور وزیر اعلی کون سے شہر میں رہتے ہیں؟

اس سوال کے جواب میں بچے لاہور کہیں یا نہ کہیں ٹیچر اعلان کریں کہ آج ہم لاہور شہر کے بارے میں ایک کتاب لاہور نامہ شروع کریں گے۔

کتابیں نکلوائیں۔ کتاب چودہ صفحات پر مشتمل ہے۔ ایک پیریڈ یا دو پیریڈز میں بھی اس کو پورا پڑھنا مناسب اور ممکن نہیں بلکہ تدریسی لحاظ سے غیر مناسب ہے۔ اس لئے ٹیچر اس کتاب کو تین یا چار مختلف اور الگ الگ حصوں میں تقسیم کریں۔ صفحہ ۱ سے ۲ تک ۳ سے ۴ تک صفحہ ۵ سے ۸ تک اور صفحہ ۹ سے آخر کتاب تک۔

۱ سب سے پہلے کتاب کا نظری جائزہ لینے کو کہیں۔ بچے سرورق سے لے کر ترتیب کے ساتھ میں دی گئی تصویروں کو دیکھیں۔

۲ پھر کتاب کا عنوان پڑھیں اور بچوں کو لاہور نامہ کا لفظی مطلب بتائیں۔ بلیک بورڈ پر یہ نام لکھ کر لفظ ”نامہ“ کو انڈر لائن کریں۔ بچوں کی کاپیاں شروع مضمون سے کھلوائے رکھیں اور حسب ضرورت سوالات لکھوائیں۔

بچوں کو نامہ کا لفظی مطلب بتائیں اور مختلف مثالیں کاپیوں میں لکھوائیں۔
یہ الفاظ اس طرح لکھیں کہ پہلا لفظ ٹیچر خود بولیں۔ نامہ بچے کہیں پھر پورا لفظ دہرائیں مطلب بتا کر کاپیوں میں لکھوا دیں مثلاً۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جذبے کے ساتھ | محبت نامہ۔ | شکایت نامہ۔ | عنایت نامہ۔ وغیرہ | | |
| مضمون کے لئے | شہر نامہ۔ | سفر نامہ۔ | عذر نامہ۔ وغیرہ | | |
| جگہ کے لئے | لاہور نامہ۔ | باغات نامہ۔ وغیرہ | | | |
| سرکاری اہمیت کے کاغذات | نکاح نامہ۔ | اجازت نامہ۔ | حکم نامہ۔ | معافی نامہ۔ وغیرہ | |
| کسی بڑے کام کے لئے | کارنامہ۔ وغیرہ | | | | |
| خبریں | خبر نامہ۔ وغیرہ | | | | |

اس کے بعد کتاب کے پہلے صفحے کو بلند آواز سے پڑھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ مشکل الفاظ کے نیچے پنسل سے لائن ڈالتے جائیں۔
مشکل الفاظ کا مطلب کاپیوں میں لکھوائیں۔ (انگلش ترجمہ انگلش میڈیم اسکولوں میں لکھوایا جا سکتا ہے۔) اگر وقت ہو تو دوسرا صفحہ بھی پڑھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| فاتح / فاتحین | جیتے ہوئے۔ فتح مند | Victorious |
| دستے | فوجیوں کے گروہ | troops-regiment |
| دمک | چمک | glow |
| مشیر | مشورہ دینے والا | advisor |
| قدیم | پرانا | old |
| فن تعمیر | عمارتیں بنانے کا ہنر | architecture |
| قبل مسیح | حضرت عیسیٰ مسیح کی پیدائش سے پہلے | before christ |

مطلب لکھوانے کے بعد بچوں سے بھی پڑھوائیں۔ وقت کے لحاظ سے دو دو جملوں کا پڑھوانا کافی ہے اس طرح کئی بچے پڑھ سکیں گے۔

## دوسرا سیشن

ٹیچر بچوں سے سیشن نمبر ۱ میں پڑھائے گئے مختلف پیرا گراف کے بارے میں بات چیت کریں۔ بات چیت کے

بعد اگلے دو صفحات بلند آواز سے پڑھیں۔ مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔ اس کے بعد تحریری سوالات کی مدد سے مضمون کی تفہیم کروائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| محبوب | پیارا۔ جس سے محبت ہو | beloved favourite |
| تہذیب | ادب و تمیز۔ زندگی گزارنے کا سلیقہ | refined attitude |
| تمدن | رہنے کا سلیقہ | civic ways of living |
| تہذیب و تمدن | پوری قوم کا رہن سہن کا اچھا طریقہ جس میں علم بھی شامل ہو | civilization |
| مرکز | جمع ہونے کی جگہ | centre |
| ورثہ | بزرگوں سے ملی ہوئی قیمتی چیز | heritage |
| مینا کاری | پتھر، لکڑی یا زیور پر کئی رنگوں سے پھول بنانا | coloured carving |
| نفیس | عمدہ اور نازک | delicated refined |
| دلکش | خوبصورت | beautiful |
| نزاکت | باریکی | fineness |

نوٹ : ان چاروں صفحات کے افعال و محاورات کی فہرست ایک ساتھ بنوائیں۔

| | |
|---|---|
| چہرہ دیکھنا | چہرے سے بہت زیادہ خوشی ظاہر ہونا۔ خوشی کی چمک ہونا |
| ذہن کو جھٹکا لگنا | کوئی بات اچانک اپنی سوچ کے / قاعدے کے خلاف ہونا |
| سرے سے غائب ہونا | مٹ جانا۔ ختم ہو جانا |
| آراستہ کرنا | سجانا۔ خوبصورت بنانا |
| منہ بولتا ثبوت ہونا | ایسا سچا اور صاف ثبوت، جس کو دیکھ کر سن کر کچھ اور کہنے کی ضرورت ہی نہ رہے |

سوالات :

۱ صفحہ ایک کے پہلے پیراگراف کو پڑھ کر بچے کیا سمجھتے؟

۲ بادشاہ کہاں سے آ رہے ہوں گے؟

۳ شکرانے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟

۴ دوسرے پیراگراف کا پہلا جملہ ہے، میری ______________ جاؤں؟ یہ میں کون ہے؟

۵ اس کے ذہن کو جھٹکا کیوں لگا؟

۶ خود کو ماضی میں محسوس کرنے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟

**جوابات :**

۱ ایک بادشاہ اپنی فوج کے ساتھ لاہور شہر میں آئے ہیں۔

۲ میدان جنگ سے آ رہے ہوں گے۔

۳ اس لئے کہ زندہ سلامت لوٹ آئے اور فتح حاصل کر کے آئے

۴ جو شخص کہانی بتا رہا ہے ____________ مصنف۔

یہاں ٹیچر واضح کریں کہ مصنف اگر خود کو قصے میں شامل کر لے تو **narrator** یعنی راوی کہلاتا ہے۔

۵ جھٹکا اس لئے لگا کہ راوی کو احساس ہو گیا کہ وہ ماضی میں نہیں حال میں زندہ ہے۔

۶ مغلوں کی بنائی ہوئی ہر عمارت بہت خوبصورت ہے۔ انسان ان کی خوبصورتی میں کھو جاتا ہے۔

## تیسرا سیشن

### تحریری سوالات :

اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ ان چار صفحات کو خاموشی سے پڑھیں اور پھر مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات اپنی کاپیوں میں لکھیں۔ بچے اٹلس یا تاریخ کی کسی کتاب سے مدد لے سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے ان کو وقت دیا جائے۔

**سوالات :**

۱ برصغیر کیا ہے؟

۲ آج کل اس کا نام کیا ہے؟

۳ اس میں کون کون سے ملک شامل ہیں؟

۴ بیشتر فاتحین کہاں سے آئے تھے۔ چند کے نام لکھئے؟

۵ لاہور' ہزار سال قبل مسیح کا شہر ہے۔ موہن جو داڑو اور ٹیکسلا تقریباً پانچ ہزار سال قبل مسیح کے شہر تھے۔ اس سے کیا بات ظاہر ہوتی ہے؟

**جوابات :**

۱ برصغیر براعظم ایشیا کا وہ حصہ ہے جوایک جزیرہ نما **penni** کی شکل میں بحر ہند اور بحیرہ عرب کے کنارے واقع ہے۔

۲ آج کل اسے جنوبی ایشیا کہتے ہیں۔

۳ اس میں پاکستان، بنگلہ دیش، اور بھارت شامل ہیں

۴ اکثر فاتحین منگولیا، ترکستان موجودہ ترکی اور افغانستان سے آئے تھے۔ مثلاً تیمور، محمود غزنوی، شہاب الدین محمد غوری وغیرہ اور بعد میں ظہیر الدین محمد بابر آئے جنہوں نے مغل سلطنت کی بنیاد رکھی۔

۵ اس سے دو بتائیں ظاہر ہوتی ہیں موہن جو دڑو (موہن جو ڈاڑو) کی نسبت لاہور زیادہ تہذیب یافتہ شہر ہے۔ دوسرے موہن جو داڑو کا رشتہ جدید دنیا سے ٹوٹ چکا ہے کیونکہ بیچ میں اس کا کوئی سلسلہ کسی قسم کی زندگی سے بالکل نہیں رہا، جب کہ لاہور ایک زندہ شہر ہے اور یہاں زندگی اور انسانی آبادی کا سلسلہ کبھی ختم نہیں ہوا۔ اس کا آج کی دنیا سے بھی تہذیبی رشتہ قائم ہے

## چوتھا سیشن

اس سیشن میں ٹیچر بچوں سے صفحات ۵، ۶، ۷، ۸، کی بلند آواز میں پڑھائی کروائیں۔ حسب معمول پہلے خود پڑھیں۔ بچوں سے پڑھوانے کے بعد مشکل الفاظ معنی پر کام کروائیں۔ کچھ الفاظ کے زبانی جملے ساتھ ساتھ بنائیں اور بنوائیں۔ باقی رہا، گرامر اور قواعد کا کام تو وہ کتاب کی مکمل ریڈنگ کے بعد کروائیں۔

مشکل الفاظ اور معنی پر کام کروائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| دیوان عام | بادشاہ کا وہ دربار جس میں وہ وزیروں اور عالموں اور شاعروں وغیرہ میں ملتے تھے۔ | royal court |
| جھروکا | محل کی وہ بالکونی جس سے صرف بادشاہ ہی لوگوں کو دیکھے اور اپنا چہرہ دکھائے | a balcony for kings |
| دیوان خاص | محل کا وہ کمرہ جس میں بادشاہ اپنے خاص لوگوں سے ملاقات کرتے تھے۔ | appearance towards people<br>special royal court |
| نولکھا | وہ شیش محل یا محل جس پر نو لاکھ اشرفیوں کی لاگت آئے۔ | expensive hall a place decorated |
| خاصیت | خاص خوبی | characteristic |
| آثار | نشانیاں | singns |

اس کے بعد ٹیچر مختلف ذرائع سے حاصل کی گئی قلعے، بادشاہی مسجد اور شالامار باغ کی تصاویر دکھائیں۔ بچے ان

کی فوٹو کاپیاں اپنی کاپیوں میں لگا سکتے ہیں۔ یہ سیشن بات چیت پر ہی ختم کیا جائے۔

## پانچواں سیشن

صفحہ نمبر ۷ اور ۸ کے الفاظ معنی۔

| | | |
|---|---|---|
| احاطے | چار دیواری | boundary |
| مقبرہ | وہ عمارت جس میں کسی کی قبر ہو | tomb |
| داستان | کہانی۔ ایسی کہانی جس میں حقیقت کم اور افسانہ زیادہ ہو | epic |
| خانقاہ | کسی بزرگ، درویش یا ولی کا ٹھکانہ | shrine |
| گنجان | بہت زیادہ آباد | congested-populated |
| عرس | کسی بزرگ کی برسی پر عوام کا میلا | an annual festival in memory of a dead saint |

## گھر کا کام:

بچے شہنشاہ جہانگیر، انارکلی اور اکبر بادشاہ کے اصلی نام لائبریری کی کسی کتاب کی مدد سے معلوم کریں اور ۱۰۰ الفاظ میں ان کی داستان لکھ کر لائیں۔

بعد میں ٹیچر بچوں کو یہ سمجھا دیں کہ یہ صرف فرضی داستان ہے کہ انارکلی کو دیوار میں چنوا دیا گیا تھا۔ ہوسکتا ہے کہ شہزادہ سلیم کو عشق ہوا ہو۔ مگر عشق کا انجام یقیناً اس افسانوی انجام سے مختلف ہوا ہوگا۔

## چھٹا سیشن

اس سیشن میں کتاب کے بقیہ صفحات بلند آواز میں پڑھوائیں اور مشکل الفاظ و محاورات کے معنی لکھوائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| راج | حکومت | rule |
| مخصوص | کسی کے لئے خاص طور پر محفوظ | reserved |
| منتظم | چلانے والا | administrator-caretaker |
| جدید | نیا | new-modern |

| | | |
|---|---|---|
| آمیزش | ملاوٹ | mixing up |
| امڈا چلا آنا | کسی چیز یا لوگوں کا بہت زیادہ مقدار یا تعداد میں آنا | rushing out |
| سرسوں پھولنا | سرسوں کی فصل پکنا | the blossom of mustard flowers |

یہ فہرست مختلف اسکولوں اور بچوں کے لحاظ سے کم اور زیادہ ہوسکتی ہے۔

## گھر کا کام :

بچے گھر سے لاہور نامہ کے صفحہ ۷، ۸، اور ۹ کو پڑھیں اور مندرجہ ذیل کام کریں۔

صفحہ نمبر ۷ پر سے تین ایسے الفاظ چنیں جن میں ق کا حرف آیا ہے اور اسی طرح کے تین الفاظ خود بھی لکھیں

مثلاً (مقبرہ، عشق، یقین) (فقرہ، فرق، فریق)

صفحہ نمبر ۸ پر سے گ والے الفاظ چنیں اور اپنی طرف سے ۳ اور الفاظ لکھیں۔

(نگری، گنجان، بزرگ) (پگڑی، گم نام، لوگ)

## ساتواں سیشن

اس سیشن میں بچوں سے ان کی کاپیوں میں تین کالم بنوائیں : ایک میں لاہور کی تمام جگہوں کے نام لکھیں۔ دوسرے میں شخصایت کے نام اور تیسرے میں میلوں، تہواروں اور کھانوں کے نام لکھیں۔

شخصیات کے مکمل نام :

ظہیر الدین بابر، نصیر الدین ہمایوں، جلال الدین محمد اکبر، نور الدین محمد جہانگیر (سلیم)، شہاب الدین شاہجہاں محی الدین اورنگ زیب عالمگیر، شہزادی ارجمند بانو ممتاز محل، مہرالنساء نورمحل نور جہاں، حضرت علی عثمان ہجویری داتا گنج بخش، قائد اعظم محمد علی جناح، چارلس آنچیسن، رڈیارڈ کپلنگ، محمد صادقین، مدھو لال حسن

صفحہ نمبر ۱۱ پر دو مرکب الفاظ ہیں۔ گلی در گلی اور نسل در نسل۔

ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ اس طرح ایک لفظ کو دو مرتبہ لکھنے سے کیا مطلب ہوتا ہے۔ یعنی ایک گلی سے دوسری گلی تک۔ ہر ایک گلی میں۔ نسل در نسل۔ ایک نسل سے دوسری کئی نسلوں میں۔

پھر اس طرح کے چند اور الفاظ بلیک بورڈ پر لکھیں

ہاتھ در ہاتھ  محلّہ در محلّہ  کوچہ در کوچہ  ملک در ملک  شہر در شہر

منہ در منہ (اس لفظ کا مطلب مختلف ہو جاتا ہے) جیسے کسی کی موجودگی میں بات کرنا یا کوئی بات صاف کرنا۔ مثلاً وہ بہت بزدل ہے منہ در منہ بات کرنے سے ڈرتا ہے۔ دل میلہ نہ کرو۔ منہ در منہ ہو کے معاملہ صاف کرلو۔ (معاملہ سلجھالو۔)

## آٹھواں سیشن

لاہور نامے میں اسم کثرت سے آئے ہیں۔ گرامر کی کاپیوں میں مندرجہ ذیل اسم اور ان کی واحد جمع کروائیں۔

فاتح (فاتحین)، مشیر (مشیران)، مرکز (مراکز)، صدا (صدائیں)، حال (احوال)، تعمیر (تعمیرات)
قدم (اقدام)، دور (ادوار)، حصہ (حصص)، مسجد (مساجد)، زمانے (ازمنہ)، علاقہ (علاقہ جات)
وزیر (وزراء)، عمارت (عمارات)

## نواں سیشن

املا کروائیں۔

املا کے بعد اضافی معلومات کے لئے بچوں کو مندرجہ ذیل تفصیلات بتائی جائیں۔

- قطب الدین ایبک کا مزار انارکلی بازار میں واقع ہے۔ ایبک ہندوستان کا پہلا مسلمان بادشاہ تھا۔
- شاہجہاں کی بیٹی جہاں آرا تھی جن کے لئے شالا مار باغ بنوائے گئے۔ اورنگزیب کی بیٹی کا نام زیب النساء تھا۔
- مینار پاکستان اور منٹو پارک موجودہ اقبال پارک ہے۔ جہاں عظیم تاریخی فیصلہ ہوا۔

پاکستان ٹورزم کے محکمے سے لاہور کی مختلف جگہوں کی تصاویر لے کر بچوں کو دکھائی جائیں۔

## دسواں سیشن

علامہ اقبال کے کچھ اشعار پڑھوائے یا سنائے جائیں

بادشاہوں کی ایکٹنگ کروائی جائے۔

'' داتا کی نگری'' کے علاوہ لاہور کو اور کیا کیا کہا جاتا ہے۔ بتائیں۔

(زندہ دلوں کا شہر، بسنت کا شہر، تہواروں کا شہر، تاریخی عمارتوں کا شہر کتاب لاہور نامہ پر تبصرہ لکھوائیں۔)

# لاہور نامہ

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale